بِسۡـمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# وفاق المدارس العربیہ پاکستان

Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ مُلتان

فون نمبر: 061-6514525-26-27

حوالہ نمبر: AM-9357-1444/s

تاریخ: 03-01-1444
02-08-2022

گرامی قدر حضرت مہتمم صاحب زید مجدہم

مدرسہ / جامعہ.........................................................

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ !

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ کے اجلاس منعقدہ 27، 28 ربیع الاول 1443ھ مطابق 3، 4 نومبر 2021ء اور 9 شوال المکرّم 1443ھ مطابق 11 مئی 2022ء کے اہم فیصلے برائے اطلاع وراہنمائی پیش خدمت ہیں:

## امتحانات وفاق:

☆ درجہ کتب کا سالانہ امتحان بروز ہفتہ تا جمعرات 27 رجب المرجب تا 2 شعبان 1444ھ مطابق 18 تا 23 فروری 2023ء ہوگا۔

☆ درجہ حفظ کا سالانہ امتحان 16 تا 25 رجب المرجب 1444ھ مطابق 7 تا 16 فروری 2023ء ہوگا۔

☆ 1447ھ سے درجہ ثانویہ عامہ کے امتحان کے داخلہ کے لیے میٹرک پاس ہونا ضروری ہوگا لہٰذا طلباء ثانویہ عامہ سے قبل میٹرک کا امتحان پاس کرلیں۔ بہتر ہوگا مدارس اپنے نظم کے تحت طلباء کو میٹرک کروائیں۔

☆ طلبہ وطالبات کے لیے امتحانی ہال میں اصل شناختی کارڈ یا ب فارم ہمراہ لانا ضروری ہوگا۔

☆ عالیہ سال اول بنین کے داخلہ کی فہرست کے ساتھ طلبہ کی تصاویر لف کریں۔ ہر طالب علم کی تصویر کی پشت پر اُس کا نام اور رجسٹریشن نمبر تحریر فرمائیں۔

☆ تمام مدارس میں صرف ونحو پڑھانے والے اساتذہ کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ قواعد صرف ونحو کے اجراء اور تمرین پر خوب توجہ دیں۔ امسال سے ان کتب کے امتحان میں قواعد کے علاوہ ان کے اجراء اور تمرین سے متعلق سوالات اہمیت کے ساتھ رکھے جائیں گے۔

## شرائط امتحان حفظ میں ترمیم:

وفاق کے تحت درجہ حفظ کا امتحان دینے کے لیے پہلے سے طے شدہ شرط یہ ہے کہ طالب علم نے قرآن کریم مکمل حفظ کیا ہو اور وفاق سے ملحق کسی مدرسہ کا باقاعدہ طالب علم ہو، پرائیویٹ نہ ہو۔ اس سلسلہ میں جدید ترمیم درج ذیل ہے:

(الف) البتہ جو طلبہ وطالبات کسی مکتب میں حفظ کرتے ہیں اس کا الحاق وفاق سے کرالیا جائے یا وفاق سے ملحقہ کسی مدرسہ کی شاخ بنالیا جائے تو ان کے طلبہ وطالبات کا سالانہ امتحان وفاق سے کرایا جاسکے گا۔

(ب) اسی طرح جو طلبہ وطالبات کسی اسکول کے شعبہ حفظ میں پڑھتے ہیں یہ اسکول اپنے شعبہ حفظ کو وفاق سے ملحق کرالیں یا کسی ملحقہ مدرسہ کی شاخ بنوالیں تو یہ طلبہ بھی وفاق کے امتحان میں شریک ہوسکتے ہیں۔

(ج) اسی طرح جو طلبہ نجی طور پر ٹیوشن سے یا کسی گھر میں حفظ کرتے ہیں یہ طلبہ وطالبات وفاق کے امتحان میں اس شرط کے ساتھ شریک ہوسکتے ہیں کہ وہ وفاق سے ملحقہ مدرسہ میں امتحان سے تین ماہ قبل داخلہ لے لیں اور وہاں اپنی منزل سنا کر اس میں کامیابی حاصل کرلیں۔ مدرسہ کی تصدیق کے ساتھ ان کا داخلہ وصول کیا جائے گا۔

## حفظ قرآن کریم کے نمبروں کی تقسیم:

1444ھ سے وفاق کے تحت امتحان حفظ قرآن کریم کے نمبروں کی تقسیم درج ذیل ہوگی۔امتحان کے کل نمبر 100 جس میں سے پختگی کے 60 نمبر ہوں گے۔کل چھ سوال ہوں گے۔ہر پانچ پاروں میں سے دس نمبروں کا ایک سوال ہوگا جو کہ کم از کم آٹھ لائنوں پر مشتمل ہوگا۔پختگی کے 60 میں سے 30 نمبر حاصل کرنا ضروری ہوں گے۔صفات اور مخارج کے 30 میں سے (چالیس فیصد) 12 نمبر لینا ضروری ہوں گے۔مسائل کے دس نمبر ہوں گے۔مسائل کی راہنمائی کے لیے نماز حنفی (مولفہ حضرت مولانا خیر محمد جالندھریؒ) اور تعلیم الاسلام حصہ اول (حضرت مولانا مفتی کفایت اللہؒ) معیار ہوں گی۔

## عربی میں ایک سوال حل کرنا لازم ہوگا:

☆ عربی تحریر وتقریر میں مہارت پیدا کرنے کے حوالے سے فیصلہ ہوا کہ 1444ھ سے بنین میں درجہ رابعہ سے عالمیہ تک کے امتحان میں کم از کم ایک سوال کا جواب عربی میں دینا لازم ہوگا۔

☆ درجہ رابعہ میں نور الانوار، درجہ خامسہ میں آثار السنن، درجہ سادسہ میں مسند امام اعظم، درجہ سابعہ میں مشکوٰۃ المصابیح جلد دوم، درجہ ثامنہ (دورہ حدیث) میں جامع ترمذی جلد دوم کے ایک سوال کا جواب عربی میں تحریر کرنا لازم ہوگا۔

☆ اساتذہ کرام کے لیے عربی تحریر وتقریر میں مہارت حاصل کرنے کے لیے تعطیلات میں دورات کا انعقاد ہوگا۔

## فیسوں میں اضافہ:

☆ تمام داخلہ فیس، سالانہ فیس، الحاق فیس، ماہنامہ وفاق سمیت تمام فیسوں میں (ماسوائے مثنیٰ اسناد) 50 فیصد اور حق الخدمت میں 30 فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔یہ اضافہ یکم محرم الحرام 1444ھ سے نافذ العمل ہے۔

☆ وفاق کے سالانہ امتحان کے لیے داخلہ فارموں کی وصولی کی تاریخ میں چار گنا فیس کے ساتھ ایک ماہ کا اضافہ کیا گیا ہے۔جس کے مطابق سالانہ امتحان کے داخلوں کی تاریخیں درج ذیل ہوں گی:

سنگل فیس یکم ربیع الاول تا 30 ربیع الاول، ڈبل فیس یکم ربیع الثانی تا 15 ربیع الثانی، تین گنا فیس 16 ربیع الثانی تا 30 ربیع الثانی اور چار گنا فیس یکم جمادی الاولیٰ تا 30 جمادی الاولیٰ ہوگی۔اس کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔(فیس کی نئی شرح وفاق کی ویب سائٹ اور ماہنامہ وفاق ذوالحجہ 1443ھ کے شمارہ میں شائع کردی گئی ہے۔) سنگل فیس کی شرح درج ذیل ہے:

تحفیظ القرآن الکریم 450 روپے، متوسطہ 490 روپے، رجسٹریشن درجہ اولیٰ 200 روپے، ثانویہ عامہ بنین 510 روپے، ثانویہ خاصہ سال اول 540 روپے، ثانویہ خاصہ سال دوم 550 روپے، عالیہ سال اول 620 روپے، عالیہ سال اول رجسٹریشن کارڈ 300 روپے، عالیہ سال دوم 630 روپے، عالمیہ سال اول 770 روپے، عالمیہ سال دوم 780 روپے، دراسات دینیہ سال اول 590 روپے، دراسات دینیہ سال دوم 610 روپے، تجوید للحفاظ 500 روپے اور تجوید للعلماء 600 روپے۔

## دورہ حدیث بنین کی کتب کی مقادیر خواندگی:

دورہ حدیث بنین میں سنن نسائی، سنن ابن ماجہ، سنن طحاوی، شرح معانی، موطا امام مالکؒ اور موطا امام محمدؒ کی تدریس کے لیے مقادیر خواندگی مقرر کی گئیں، یہ کتب آئندہ انہیں مقادیر سے پڑھائی جائیں گی اور انہیں کے مطابق ان کا امتحان ہوگا، مقادیر خواندگی درج ذیل ہیں:

السنن لابن ماجہ: (کل صفحات 217)

(الف) (تعارف کتاب وتعارف مصنف وخصوصیات کتاب)

(ب) مقدمہ (اتباع السنۃ وفیہا انکرت الجہمیہ) (ص 111 تا 166)

(ج) ابواب الفتن تا آخر کتاب (ص996 تا1100)
تعیین روایات موضوعہ (باعانت ماتمس الیہ الحاجۃ) از ابتداء تا آخر

(د) ابواب الادب، ابواب الدعاء، ابواب تعبیر الرؤیا (ص936 تا992)

السنن للنسائی: (کل صفحات 183)

(الف) (تعارف کتاب وتعارف مصنف وخصوصیات کتاب)

(ب) کتاب الطہارۃ (ص27 تا141)

(ج) کتاب عشرۃ النساء وکتاب الطلاق (ص850 تا901)

(د) کتاب البیعۃ (ص1018 تا1033)

الموطا للامام محمد (کل صفحات 71)

(الف) (تعارف کتاب وتعارف مصنف وخصوصیات کتاب)

(ب) کتاب الزکوٰۃ (ص201 تا210)

(ج) کتاب النکاح (ص285 تا298)

(د) ابواب السیر تا آخر کتاب (ص436 تا482)

الموطا للامام مالک: (کل صفحات 117)

(الف) (تعارف کتاب وتعارف مصنف وخصوصیات کتاب)

(ب) کتاب وقوت الصلوٰۃ، کتاب الطہارۃ (ص23 تا87)

(ج) کتاب الجامع (ص784 تا ختم کتاب 835)

السنن للطحاوی (شرح معانی الآثار): (کل صفحات 333)

(الف) (تعارف کتاب وتعارف مصنف وخصوصیات کتاب)

(ب) کتاب الطہارۃ (ص37 تا190)

(ج) کتاب الصلوٰۃ تا ابواب الوتر (ص191 تا369)

نوٹ: مذکورہ صفحات کی تعداد ''مکتبۃ البشریٰ'' کے بڑی تقطیع والے نسخوں کے مطابق ہے۔
شمائل ترمذی حسب سابق مکمل کتاب شامل ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
002456
Wifaq - ul - Madaris - al - Arabia, Pakistan.
وفاق المدارس العربیہ پاکستان
فون نمبر : 27-6514526 -6514525 - 061
فیکس نمبر : 6539485 - 061
مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن، شیر شاہ روڈ ملتان۔

Ref.No. ..................
Dated 19/05/2022

الرقم ..................
التاریخ ۱۷/۱۰/۱۴۴۳ھ

باسمہ سبحانہ

یہ بات طے شدہ ہے کہ صحیح بخاری، صحیح مسلم، جامع ترمذی اور سنن ابی داود از اول تا آخر مکمل پڑھائی جائیگی۔ البتہ مباحث کے تکرار سے بچنے کیلئے ان کتب کی تدریس میں جن ابواب کو زیادہ تحقیق اور مباحث فقہیہ وکلامیہ کی تفصیل کے ساتھ پڑھانا چاہئے، اسکے بارے میں ماشاء اللہ ہمارے پاس ۲۴ مدارس نے اپنی تجاویز ارسال فرمائی ہیں۔ ان سب کو مد نظر رکھتے ہوئے چاروں کتابوں کے ان ابواب کی نشاندہی کی جارہی رہے جن کو خوب تحقیق کے ساتھ پڑھانا مطلوب ہے۔ اس تجویز میں اس بات کا لحاظ رکھا گیا ہے کہ تمام ابوابِ حدیث پر کسی نہ کسی کتاب میں مفصّل کلام آجائے، اور بعض ابواب کے مباحث ایسے بھی ہوں جو ایک سے زائد کتب میں آئیں، تاکہ ذہن نشین بھی ہوں، اور ہر کتاب کے خصائص کا بھی احاطہ ہوسکے۔

ان امور کو مد نظر رکھتے ہوئے حسب ذیل تجویز پیش کی جارہی ہے:

## صحیح البخاری (جلد اول):

(1) مقدمۃ العلم کے طور پر تدوین حدیث کا بیان، امام بخاری رح کے حالات اور صحیح بخاری کی خصوصیات پر جامع کلام کیا جائے، نیز اہم شروحِ بخاری کا تعارف کرایا جائے۔ تدوین حدیث کی بحث کتاب العلم کے درس کے دوران بھی کی جاسکتی ہے۔

(2) اول کتاب سے کتاب العلم کے آخر تک مفصّل کلام ہو۔

(3) کتاب الصّوم کے فقہی مباحث خصوصی اہمیّت کے ساتھ پڑھائے جائیں

(4) کتاب البیوع سے کتاب الوصایا تک کے فقہی مباحث مفصّل پڑھائے جائیں۔

ان ابواب کے علاوہ ابواب میں متن حدیث کی تشریح، اور جہاں ترجمۃ الباب دقیق ہو، یا فقہی احکام پر مشتمل ہو، اس کی تشریح کا اہتمام کیا جائے۔ مکررات میں سردِ حدیث کافی ہے۔

Email:wifaqulmadaris@gmial.com web:www.wifaqulmadaris.org

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

002457

Wifaq - ul - Madaris - al - Arabia, Pakistan.

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

فون نمبر : 27-6514526 -6514525 - 061
فیکس نمبر : 6539485 - 061

مرکزی دفتر : گارڈن ٹاؤن، شیر شاہ روڈ مُلتان۔

الرقم ..................

Ref.No. ..................

التاریخ ۱۷/۱۰/۱۴۴۳ھ

Dated 19/05/2022

## صحیح البخاری (جلد دوم):

(1) کتاب المغازی کے شروع سے کتاب التفسیر کے آخر تک متعلقہ مباحث پر مفصّل کلام

(2) کتاب الذبائح والصید والتسمیۃ کے مباحث پر خصوصی کلام

(3) کتاب الاحکام سے متعلق فقہی مباحث پر مفصّل بحث

(4) کتاب الاکراہ اور کتاب الحیل پر مفصّل کلام

(5) کتاب الرّد علی الجہمیّۃ سے متعلق کلامی مباحث

## صحیح مسلم (جلد اول):

(1) مقدّمۃ العلم کے طور پر جہتِ حدیث پر مفصّل بحث۔امام مسلمؒ کے حالات صحیح مسلم کی خصوصیات اور اہم شروح

(2) مقدّمہ مسلم کی محقّقانہ تشریح

(3) کتاب الایمان مکمل

(4) کتاب الحج مکمل فقہی مباحث کے ساتھ

(5) کتاب النکاح اور کتاب الرضاع فقہی مباحث کے ساتھ

## صحیح مسلم (جلد دوم):

(1) کتاب الطلاق فقہی مباحث کے ساتھ

(2) کتاب النذر اور کتاب الأیمان

(3) کتاب القسامۃ والمحاربین، کتاب الحدود اور کتاب الاقضیۃ

Email:wifaqulmadaris@gmial.com web:www.wifaqulmadaris.org

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم
002458
Wifaq - ul - Madaris - al - Arabia, Pakistan.
وفاق المدارس العربیہ پاکستان
فون نمبر : 27-6514525- 6514526 - 061
فیکس نمبر : 6539485 - 061
مرکزی دفتر : گارڈن ٹاؤن، شیرشاہ روڈ ملتان۔

Ref.No. ..........
Dated 19/05/2022

الرقم ..........
التاریخ ۱۷/۱۰/۱۴۴۳ھ

(4) کتاب الامارۃ
(5) کتاب الاضاحی
(6) کتاب البرّ والصلۃ
(7) کتاب الفتن

سنن ابی داود:

(1) مصنف کے حالات، کتب ستہ میں ابوداود کا مقام، سکوت ابوداود کا حجت ہونا یا نہ ہونا۔ اہم شروحِ ابوداود کا تعارف۔
(2) ابواب الحیض والاستحاضہ من "باب فی الحائض تناول من المسجد "ص ۲۷ الی آخر ابواب الطہارۃ ص ۲۱۴
(3) کتاب الصلوۃ از اول تا "باب من صلی لغیر القبلۃ ثم علم" باب ۲۰۴ ص ۳۸۴ مکمل فقہی مباحث کے ساتھ
(4) کتاب الجہاد کے اہم مباحث: جہاد کی حقیقت، جہاد کی فرضیت، جہاد کا مقصود، اقدامی اور دفاعی جہاد، جہاد کی شرائط
(5) کتاب الفرائض
(6) کتاب الخراج والفیئ والامارۃ
(7) کتاب الجنائز
(8) کتاب اللباس
(9) کتاب الملاحم

ان کے علاوہ دوسرے ابواب میں متن کی تشریح اور "قال ابوداود" پر خصوصی توجہ دی جائے۔



Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

002459

Wifaq - ul - Madaris - al - Arabia, Pakistan.

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

061 - 6514525- 6514526-27 : فون نمبر

061 - 6539485 : فیکس نمبر

مرکزی دفتر : گارڈن ٹاؤن، شیر شاہ روڈ ملتان۔

Ref.No. ..........

Dated 19/05/2022

الرقم ..........

التاریخ ۱۷/۱۰/۱۴۴۳ھ

## جامع ترمذی (جلد اول):

(1) امام ترمذی رح کے حالات، جامع ترمذی کی خصوصیات اور اہم شروح کا تعارف

(2) کتاب الطہارۃ (ماسوی ابواب الحیض والاستحاضۃ) مفصل فقہی مباحث کے ساتھ

(3) ابواب الوتر سے ابواب الزکوۃ کے شروع تک

(4) ابواب الزکاۃ

(5) ابواب الأحکام

## جامع ترمذی (جلد دوم):

(1) ابواب الأطعمۃ

(2) ابواب الأشربۃ

(3) ابواب الطب

(4) ابواب الولاء والہبۃ

(5) ابواب القدر

(6) ابواب الزہد (اس میں اخلاق باطنہ پر کلام کیلئے اہل تصوف کی کتب مثلاً احیاء العلوم یا بدایۃ الھدایۃ یا تبلیغ دین کی مدد سے ان کی اہمیت ذہن نشین کرائی جائے۔)

(7) ابواب الاستئذان والآداب

(8) ابواب المناقب

Email:wifaqulmadaris@gmial.com web:www.wifaqulmadaris.org

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

002460

Wifaq - ul - Madaris - al - Arabia, Pakistan.

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

فون نمبر : 061 - 6514525- 6514526-27

فیکس نمبر : 061 - 6539485

مرکزی دفتر : گارڈن ٹاؤن، شیر شاہ روڈ ملتان۔

الرقم ..................

Ref.No. ..............................

التاریخ ١٧/١٠/١٤٤٣ھ

Dated 19/05/2022

ہر کتاب میں ان ابواب کی تقسیم کا مطلب ہر گز نہیں ہے کہ باقی ابواب میں صرف سرد عبارت ہو، بلکہ متن کی تشریح اور اس کتاب کے خصوصی مقامات پر مناسب حد تک گفتگو کی جائے۔ نیز جو فقہی مباحث کسی اور کتاب میں متعین کئے ہوئے ہیں ان کا ملخص بھی بیان کر دینا بہتر ہو گا۔

واللہ سبحانہ اعلم

محمد تقی عثمانی

خادم وفاق المدارس العربیہ پاکستان

Email:wifaqulmadaris@gmial.com web:www.wifaqulmadaris.org

Scanned with CamScanner